وفاقی جمہوریہ جرمنی کے چانسلر کی صدر جمہوریہ ہند سے ملاقات۔

فروری 2023 25

وفاقی جمہوریہ جرمنی کے چانسلر عزت مآب جناب اولاف شولز نے ہندوستان کے صدرجمہوریہ محترمہ دروپدی مرمو سے آج راشٹرپتی بھون میں ملاقات کی۔
بطور جرمن چانسلر ہندوستان کے اپنے پہلے دورے پر چانسلر شولز کا خیرمقدم کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ ہندوستان اور جرمنی کے درمیان دیرینہ تعلقات ہیں، جو ہماری مشترکہ اقدار اور مشترکہ مقاصد پر مبنی ہیں۔
ہمارے دوطرفہ تعلقات کئی شعبوں پر محیط ہیں، جو کئی دہائیوں سے روبہ فروغ باہمی اعتماد کی عکاسی کرتے ہیں۔

صدر نے کہا کہ جرمنی یورپ میں ہندوستان کا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار ہے اور ہندوستان میں سرفہرست سرمایہ کاروں میں بھی شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ جرمنی ہندوستان کا دوسرا سب سے بڑا ترقیاتی تعاون پارٹنر بھی ہے اور اس نے ہندوستان کے ترقیاتی سفر میں اہم رول ادا کیا ہے۔ حالیہ برسوں میں، جرمنی ہندوستانی طلباء اور محققین کے لیے ایک پسندیدہ مقام کے طور پر ابھرا ہے جو اعلیٰ تعلیم حاصل کرنا چاہتے ہیں، خاص طور پر سائنس اور ٹیکنالوجی میں۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان اور جرمنی کے درمیان مضبوط ثقافتی تعلق بھی ہے، جس میں ہندوستان پر کام کرنے والے جرمن ماہرین ہند کی ایک طویل روایت ہے۔
صدر جمہوریہ نے کہا کہ ہندوستان اور جرمنی کے جمہوری اقدار کو برقرار رکھنے، قواعد پر مبنی بین الاقوامی نظم، کثیرالجہتی کے ساتھ ساتھ کثیر جہتی اداروں کی اصلاح کے مشترکہ مقاصد ہیں۔ دو متحرک، تکثیری جمہوریتوں کے طور پر، ہندوستان اور جرمنی نئے اور ابھرتے ہوئے عالمی چیلنجوں سے نمٹنے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔

نئی دہلی
فروری 2023 25